حرا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ حرا ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے حصص داران کا تیسواں (30th) سالانہ اجلاسِ عام 28 اکتوبر 2021ء (بروز جمعرات) بوقت صبح 10:00 بجے کمپنی کے دفتر E/1-44 گلبرگ-3، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

1- پچھلے سالانہ اجلاسِ عام کی کاروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2021ء کو مختتمہ سال کے لئے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ مع آڈٹ شدہ حسابات کی وصولی اور منظوری

3- 30 جون 2022ء کو مختتمہ سال کے لئے کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر اور انکے مشاہرے کا تعین۔

4- چیئر پرسن کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

لاہور

7 اکتوبر 2021ء

سعید احمد خان

کمپنی سیکرٹری

نوٹس:

1- اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسیاں تا آنکہ مئوثر ہوسکیں اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازماً پہنچ جائیں۔

2- سی ڈی سی (CDC) کے حصہ داروں سے التماس ہے کہ اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنے کے لئے اپنا اصل شناختی کارڈ، اکاؤنٹ نمبر یا پاسپورٹ ساتھ لائیں۔

3- حصص یافتگان اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت شریک ہوسکتے ہیں کمپنی کو اجلاس کے انعقاد سے کم ازکم دس روز قبل کسی دوسرے شہر میں مقیم دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی جانب سے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی خواہش موصول ہونے کی صورت میں کمپنی متعلقہ مقام پر وڈیو لنک سہولت کا اہتمام کرے گی اور کمپنی اجلاس کے انعقاد سے کم ازکم پانچ دن پہلے وڈیو لنک سہولت کے مقام سے ممبران کو مطلع کرے گی۔

4- کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات برائے سال مختتمہ 30 جون 2021ء کمپنی کی ویب سائٹ www.hiratex.com.pk پر چسپاں کردیئے گئے ہیں۔

5- حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی سے متعلق اطلاع فوری طور پر کمپنی کے رجسٹرار میسرز وژن کنسلٹنگ لمیٹڈ-C-3- فرسٹ فلور۔ ایل ڈی اے فلیٹس لارنس روڈ لاہور کو دیں۔ اسکے علاوہ جنھوں نے اپنے شناختی کارڈ کی کاپیاں مہیا نہیں کیں ہیں وہ بھی اپنے شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی بھجیں۔